ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (754)

29.11.2022

**بھاولپور ( ) ڈسٹرکٹ پولیس بہاولپور عبادت نثار کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر ملک اقبال اعوان کی زیر نگرانی ٹریفک ایجوکیشن یونٹ نے سٹی ایریا کے مختلف بس اسٹینڈ پر سموگ آ گاہی مہم کے سلسلہ میں کیمپ کا انعقاد۔ڈرائیوروں کو ریفلیکٹرز چسپاں کرنے اور ہیلمٹ کا استعمال یقینی بنانے کی ہدایت۔شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی اور حادثات سے بچاو ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر ڈی ایس پی ٹریفک ملک اقبال اعوان صاحب کی زیر نگرانی ایجوکیشن یونٹ نے شہر کے تمام ٹرک اڈوں پر سموگ آ گاہی مہم کے سلسلہ میں کیمپ کا انعقاد کیا جس میں انچارج ٹریفک حسنین طارق asi نے شرکا کو سموگ کے نقصانات بارے تفصیلا لیکچر دیا گاڑیوں کے ڈرائیورز کو بروقت ٹیوننگ مرمت کروانے کی ہدایات دیں مزید ہدایت کی سموگ ایک زہر قاتل ہے اس کے تدارک کے لیے ٹریفک پولیس کی طرف سے کی جانے والی آ گاہی مہم میں زیادہ سے زیادہ شرکت کر کے سموگ کے خاتمے کے لئے موثر کردار ادا کریں- آ گاہی مہم کے سلسلے میں پروگرامز کا انعقاد کیا گیا۔ انچارج ٹریفک پولیس ٹریفک حسنین طارق asi نے ڈرائیورز اور عوام الناس کو سموگ آ گاہی دیتے ہوئے کہا کہ سموگ فضائی آلودگی کی ایک قسم ہے جو دھویں کے ملاپ سے بنتی ہے جس کے دوران فضائی آلودگی کے پھیلاو کو کم سے کم کر کے اس سے بچا جا سکتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ سموگ کے دنوں میں غیر ضروری سفر نہ کریں، چہرہ، آنکھیں، ناک اور ہاتھ بار بار دھویں، گرد غبار والی جگہ پر پانی کا چھڑکاؤ کریں۔دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کیخلاف کارروائی کی جائے گی، گاڑیوں سے نکلنے والا مضر صحت دھواں سموگ کا باعث بنے گا۔احتیاطی تدابیر اپنانے سے سموگ کے خطرات سے بچا جا سکتا ہے۔آ گاہی کیلئے شہریوں میں پمفلیٹس تقسیم، آ گاہی کا مقصد قیمتی جانوں کو محفوظ بنانا ہے۔سلو موونگ گاڑیوں پر ریفلیکٹر اسٹیکرز بھی لگائے جا رہے ہیں تا کہ سموگ، دھند اور رات کے اندھیرے کی وجہ سے ہونے والے حادثات کی شرح میں نمایاں کمی لاتے ہوئے شہریوں کی سڑکوں پر سیفٹی کو یقینی بنایا جا سکے۔سموگ آ گاہی مہم کے سلسلہ میں عوام الناس میں پمفلٹ تقسیم کئے گئے۔آ گاہی پروگرام اور لیکچر کے دوران عوام الناس کثیر تعداد میں شریک ہوئے۔شہریوں کو ہدایت کی گئی کہ پوری ذمہ داری کے ساتھ اپنی دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کا چیک اپ کروا کران کو ٹھیک کروائیں۔تا کہ دھوئیں کی وجہ سے ماحول میں پھیلنے والی آلودگی سے بچا جا سکے ۔ماحولیاتی اور فضائی آلودگی سے پاک آب وہوا ہر شہری کی ضرورت، سماجی ذمہ داری اور صحت مند معاشرے کی ضمانت ہے۔اس موقع پر ڈرائیوروں اور عوام الناس نے ٹریفک پولیس بہاولپور کی سموگ آ گاہی مہم کو سراہا اور خواہش ظاہر کی کہ اس طرح کے مزید پروگرام و لیکچرز کا انعقاد ضروری ہے تا کہ دھوئیں کی وجہ سے ماحول میں پھیلنے والی آلودگی سے بچا جا سکے۔ماحولیاتی اور فضائی آلودگی سے پاک آب وہوا ہر شہری کی ضرورت، سماجی ذمہ داری اور صحت مند معاشرے کی ضمانت ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر ملک اقبال اعوان کی زیر نگرانی ٹریفک ایجوکیشن یونٹ نے سٹی ایریا کے مختلف ٹرک اڈوں پر سموگ آ گاہی مہم کے سلسلہ میں کیمپ کا انعقاد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (755)

29-11-2022

**بہاول پور() پولیس خدمت مراکز بہاول پور کی پراگریس رپورٹ رواں سال ماہ نومبر 2022 جاری، ہزاروں شہری پولیس خدمت مراکز بہاول پور، احمد پور شرقیہ اور حاصل پور پر پولیس سے متعلقہ مختلف سروسز سے مستفید ہوئے، خدمت مراکز بہاول پور پولیس کا FACE ہیں، ایک چھت تلے FIR کے اندراج کی درخواست سمیت شہریوں کی آسانی اور کسی بھی دشواری کا سامنا کیے بغیر پولیس سے متعلقہ مسائل کے حل کیے جا رہے ہیں۔ ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کی "پبلک سروس پالیسی" کے سپرٹ کے تحت ڈی پی او عبادت نثار کی سربراہی میں پولیس خدمت مراکز کی پرفارمنس کو مزید بہتر کیا جا رہا ہے، حکومت پنجاب اور آئی جی پنجاب کا خدمت مراکز میں سروسز کے حوالے سے بہت کلیئر ویژن ہے، خدمت مراکز کا مطلب ہی متعین شدہ وقت میں عوام کو سروسز دینا ہے۔ جس کے تحت شہریوں کی آسانی کے لیے پولیس خدمت مراکز بہاول پور، احمد پور شرقیہ اور حاصل پور اور پولیس موبائل خدمت مرکز کام کر رہی ہے، جہاں پر شہریوں کو FIR کے اندراج کی درخواست سمیت پولیس سے متعلقہ مختلف سروسز فراہم کی جا رہی ہیں، انچارج پولیس خدمت مراکز بہاول پور غلام مرتضیٰ اور ان کی ٹیم نے ماہ نومبر میں بہاول پور کے علاوہ تحصیل احمد پور شرقیہ اور حاصل پور میں پولیس خدمت مراکز شہریوں کو ایک چھت تلے مختلف سروسز فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ماہ نومبر کے دوران ہزاروں خدمت مراکز میں پولیس سے متعلقہ دی جانے والی سروسز سے مستفید ہوئے۔ ان سروسز میں FIR کے اندراج کی درخواست، کریکٹر سرٹیفکیٹ، FIRs کی کاپی، کرایہ نامہ کا اندراج، تجدید لرنر پرمٹ، تجدید ریگولر لائسنس، کاغذات کی گمشدگی رپورٹ، گاڑیوں کی ویریفکیشن، جنرل پولیس ویریفکیشن، لرنر رینیول، ڈرائیونگ لائسنس آن لائن / کریکشن، انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس، ڈپلیکیٹ ڈرائیونگ لائسنس اور کرائم رپورٹ کا اندراج شامل ہیں۔ ڈی پی او نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس کے ویژن اور ہدایات کی روشنی میں خدمت کا یہ سفر جاری ہے۔ شہریوں کو سہولیات بہم پہنچانے میں تمام وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے، انہوں نے پولیس خدمت مراکز پر کام کرنے والے افسران و اہلکاران کو ہدایت کی کہ وہ خدمت کے جذبے سے کام کرتے ہوئے شہریوں سے خوش اسلوبی سے پیش آئیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاول پور() پولیس خدمت مراکز بہاول پور کی پراگریس رپورٹ رواں سال ماہ نومبر 2022 جاری، ہزاروں شہری پولیس سے متعلقہ مختلف سروسز سے مستفید ہوئے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(756)

29-11-2022

**بہاولپور() تھانہ سول لائن پولیس کی موٹر سائیکل چوری وڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی، موٹر سائیکل چوری وڈکیتی کے مقدمات میں ملوث 03 ملزمان گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی 06 موٹر سائیکلیں، 50 ہزار نقدی اور پسٹل 30 بور برآمد، برآمدہ مال مسروقہ قانونی طریقہ کار سے مالکان کے حوالے کیا جائے گا، بہاولپور پولیس جرائم کی سرکوبی کے لیے دن رات کوشاں اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچانے کے لیے چوری شدہ مال برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کر رہی ہے، ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق بہاولپور پولیس معاشرتی امن کو خراب کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے، تھانہ سول لائن پولیس نے موٹر سائیکل چوری اور ڈکیتی کے مقدمات میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 03 ملزمان عامر طارق، صفدر اور فیصل کو گرفتار کر لیا۔گرفتار ملزمان کی نشاندہی پر لاکھوں روپے مالیتی 06 موٹر سائیکلیں اور 50 ہزار نقدی برآمد کر لی۔دوران تفتیش وارداتوں میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ 01 پسٹل 30 بور برآمد کر کے الگ سے مقدمہ درج کر لیا۔ملزمان کو جدید ٹیکنالوجی و شب و روز کی محنت سے گرفتار کیا گیا۔گرفتار ملزمان تھانہ کی حدود میں مختلف جگہوں سے موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں کرتے تھے۔ملزمان سے مزید انٹروگیشن جاری ہے، قانونی طریقے کے بعد برآمد شدہ مال مسروقہ اصل مالکان کے حوالے کیا جائے گا، ڈی پی او نے ایس ایچ او تھانہ سول لائن کو کامیاب کارروائی کرنے پر شاباش دی، بہاول پور پولیس جرائم کی سرکوبی کے لیے دن رات کوشاں اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچانے کے لیے چوری شدہ مال برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کر رہی ہے۔اور اس میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے تا کہ بہاولپور کا امن برقرار رکھا جا سکے۔

ترجمان بہاولپور پولیس





**بہاولپور: تھانہ سول لائن پولیس کی موٹر سائیکل چوری وڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث 03 ملزمان گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی 06 موٹر سائیکلیں، ہزاروں روپے نقدی اور دوران وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ ناجائز برآمد**